پریس ریلیز

گوجرانوالہ چیمبر میں ایس ایم تنویر کا پرتپاک استقبال، نومنتخب قیادت کو مبارکباد

گوجرانوالہ: یونائیٹڈ بزنس گروپ (UBG) کے سرپرستِ اعلیٰ ایس ایم تنویر نے کہا ہے کہ کاروباری برادری کو دھمکیوں، چھاپوں اور گرفتاریوں کے خوف میں مبتلا کرنے کے بجائے عزت، تحفظ اور کاروبار کے لیے سازگار ماحول فراہم کیا جائے۔ صنعتکار اور تاجر صنعتیں چلا کر روزگار کے مواقع پیدا کرتے ہیں اور لاکھوں خاندانوں کے معاش کا ذریعہ بنتے ہیں، اس لیے انہیں مسائل کا حصہ نہیں بلکہ معاشی حل کا بنیادی ستون سمجھنا ہوگا۔ وہ زکی اعجاز، طارق کھوکھر، انور اسلم اور دیگر کاروباری رہنماؤں کے ہمراہ گوجرانوالہ چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری (GCCI) کے دورے کے موقع پر نومنتخب قیادت سے خطاب کر رہے تھے۔

ایس ایم تنویر نے صدر گوجرانوالہ چیمبر شیخ غلام حسین جج، سینئر نائب صدر محمد ارشد مغل، نائب صدر رانا فرحان اصغر، ایگزیکٹو ممبران اور نومنتخب قیادت کو شاندار کامیابی پر مبارکباد پیش کی۔ اس موقع پر گوجرانوالہ کی صنعتی سرگرمیوں، کاروباری مشکلات، پیداواری لاگت اور ملکی معیشت کی صورتحال پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ تقریب میں سابق صدور رانا ناصر محمود، عاصم انیس، سمیع اللہ نعیم، میاں عمر سلیم، رانا محمد صدیق خاں، سابق چیئرمین جی ڈی اے عامر رحمان، وقاص افضل مغل، دیگر سینئر رہنما اور ایگزیکٹو ممبران بھی موجود تھے۔

ایس ایم تنویر نے مزید کہا کہ یو بی جی اور فیڈریشن آف پاکستان چیمبرز آف کامرس اینڈ انڈسٹری (FPCCI) کاروباری برادری کے ساتھ ہر مشکل گھڑی میں شانہ بشانہ کھڑے ہیں۔ پاکستان میں صنعتی اور تجارتی ترقی کے وسیع امکانات موجود ہیں، تاہم بڑھتی کاروباری لاگت، مہنگی توانائی، بلند شرحِ سود اور غیر مستقل پالیسیوں نے صنعتوں کی مسابقتی قوت کو بری طرح متاثر کیا ہے۔ کپاس اور ٹیکسٹائل سمیت کئی اہم شعبے شدید دباؤ کا شکار ہیں، حالانکہ یہی شعبے برآمدات میں اضافے اور روزگار کے وسیع مواقع پیدا کرنے کی بھرپور صلاحیت رکھتے ہیں۔ انہوں نے زور دیا کہ حکومت کو کاروباری برادری کی تجاویز کو پالیسی سازی کا لازمی حصہ بنانا چاہیے۔

صدر گوجرانوالہ چیمبر شیخ غلام حسین جج نے اس موقع پر اظہارِ خیال کرتے ہوئے کہا کہ آئی ایم ایف کی سخت شرائط، بجلی و گیس کے بڑھتے نرخ، بلند شرحِ سود اور کاروباری اخراجات میں مسلسل اضافے نے صنعت و تجارت کے لیے حالات انتہائی مشکل بنا دیے ہیں۔ کاروباری برادری ملکی معیشت کی اصل قوت ہے۔ انہوں نے کہا کہ ملک بھر کے چیمبرز، ایسوسی ایشنز اور کاروباری گروپس کو ایک مشترکہ پلیٹ فارم پر متحد ہو کر حکومت کے سامنے قابلِ عمل تجاویز پیش کرنا ہوں گی، کیونکہ منتشر آواز کے بجائے متحد کاروباری مؤقف ہی مؤثر نتائج دے سکتا ہے۔ انہوں نے ایس ایم تنویر اور ان کے وفد کی چیمبر آمد اور نومنتخب قیادت کو مبارکباد دینے پر دلی تشکر کا اظہار کیا۔

گوجرانوالہ چیمبر کے سابق صدور اور سینئر کاروباری رہنماؤں نے شہر کی صنعتی اہمیت کو اجاگر کرتے ہوئے کہا کہ گوجرانوالہ چھوٹی اور درمیانے درجے کی صنعتوں (SMEs) کا ملک گیر مرکز ہے، مگر اسے اب تک ایسے وفاقی منصوبے نہیں مل سکے جو اس کی صنعتی صلاحیت کے شایانِ شان ہوں۔ انہوں نے فوری طور پر ڈرائی پورٹ، کارگو سروس اور ایکسپو سینٹر کے منصوبوں پر عملی پیش رفت کا پُر زور مطالبہ کیا۔ ملاقات کے اختتام پر اس عزم کا اعادہ کیا گیا کہ تمام معاشی چیلنجز کا مقابلہ کاروباری اتحاد، حکومت اور نجی شعبے کے مضبوط رابطے اور صنعت دوست پالیسیوں کے ذریعے ہی کیا جا سکتا ہے۔

PRESS RELEASE

Warm Welcome Accorded to S.M. Tanveer at Gujranwala Chamber; Heartiest Congratulations Extended to Newly Elected Leadership

GUJRANWALA: S.M. Tanveer, Patron-in-Chief of the United Business Group (UBG), has stated that instead of subjecting the business community to threats, raids, and the fear of arrests, the state must ensure dignity, security, and an enabling environment for commerce. Industrialists and traders generate vital employment opportunities and sustain millions of households through manufacturing operations; therefore, they must be recognized as the cornerstone of economic solutions rather than a liability. He was addressing the newly elected leadership of the Gujranwala Chamber of Commerce and Industry (GCCI) during his visit to the Chamber, accompanied by prominent business leaders Zaki Aijaz, Tariq Khokhar, Anwar Aslam, and others.

S.M. Tanveer warmly congratulated GCCI President Sheikh Ghulam Hussain Judge, Senior Vice President Muhammad Arshad Mughal, Vice President Rana Farhan Asghar, executive members, and the newly elected leadership on their electoral triumph. The meeting featured comprehensive deliberations on Gujranwala's industrial dynamics, operational challenges, escalating production costs, and the broader macroeconomic situation. The gathering was attended by former Presidents Rana Nasir Mahmood, Asim Anees, Sami Ullah Naeem, Mian Umar Saleem, Rana Muhammad Siddique Khan, former Chairman GDA Amir Rehman, Waqas Afzal Mughal, along with other senior leaders and executive committee members.

S.M. Tanveer emphasized that UBG and the Federation of Pakistan Chambers of Commerce and Industry (FPCCI) stand resolutely with the business fraternity through every challenge. While Pakistan possesses immense potential for industrial and commercial growth, soaring business overheads, prohibitive energy tariffs, high interest rates, and inconsistent policy frameworks have severely undermined the export competitiveness of domestic industries. Key sectors such as cotton and textiles are under immense pressure despite holding the capacity to exponentially boost exports and generate mass employment. He urged the government to institutionalize the business community's recommendations within its core policymaking structures.

Addressing the session, GCCI President Sheikh Ghulam Hussain Judge remarked that stringent IMF conditionalities, soaring electricity and gas tariffs, high interest rates, and spiraling operational expenditures have rendered trade and manufacturing immensely challenging. The business community remains the true driving force of the national economy. He underscored that chambers, trade associations, and commercial groups nationwide must unite under a single platform to present pragmatic, actionable proposals to the government, as a unified business voice yields far more effective outcomes than fragmented appeals. He expressed heartfelt gratitude to S.M. Tanveer and his visiting delegation for gracing the Chamber and felicitating the new leadership.

Former presidents and senior business leaders of GCCI highlighted Gujranwala's status as a nationwide hub for Small and Medium Enterprises (SMEs), noting that the city has long been deprived of federal mega-projects commensurate with its industrial stature. They urgently demanded tangible progress on the Dry Port, Cargo Service, and Expo Centre projects. The meeting concluded with a renewed resolve that prevailing economic challenges can only be successfully surmounted through commercial solidarity, robust public-private dialogue, and industry-friendly economic policies.